فوری ریلیز کے لیے: 16/8/2022 | گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے ریاست نیویارک میں موجودہ ونڈ انرجی اور ہائیڈرو پاور منصوبوں کی معاونت کے تیسرے مسابقتی موقعے کا اعلان کیا

ریاست کے صفر اخراج والے گرڈ کی جانب بڑھتے ہوئے 2030 تک ریاست کی 70 فیصد بجلی قابل تجدید ذرائع سے حاصل کرنے کے ہدف کی حمایت

گورنر Kathy Hochul نے آج قابل تجدید توانائی کی بڑے پیمانے پر خریداری کے پروگرام، جسے مسابقتی ٹیئر 2 کہا جاتا ہے، کے تحت تیسری درخواست کا اعلان کیا جو نیویارک کے موجودہ قابل تجدید توانائی کے وسائل کو برقرار رکھنے کے لیے مرتب کی گئی ہے۔ آج کا اعلان توسیع شدہ کلین انرجی اسٹینڈرڈ کے ایک اہم حصے کے طور پر ریاست کی بنیادی توانائی کی پیداوار کی اہمیت کو واضح کرتا ہے اور نیویارک کے صفر اخراج والے پاور گرڈ کی جانب بڑھتے ہوئے 2030 تک قابل تجدید ذرائع سے ریاست کی 70 فیصد بجلی کے حصول کے ہدف میں معاونت کرتا ہے جیسا کہ آب و ہوا کی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ میں بیان کیا گیا ہے۔

"ریاست کے پاور گرڈ کو ماحول دوست بنانے کے لیے نیویارک کی جامع حکمت عملی ان اہم وسائل کی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کے لیے ایک نشو نما پاتی اور مسابقتی قابل تجدید توانائی کی منڈی بنانے میں مدد کر رہی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "نیویارک میں ہائیڈرو پاور اور ونڈ انرجی کی موجودہ سہولیات کو برقرار رکھتے ہوئے، ہم آپریشنز اور دیکھ بھال کے شعبوں میں اچھی تنخواہ والی ملازمتوں کی حفاظت کر رہے ہیں جو اس بات کو یقینی بنائیں گی کہ یہ وسائل آنے والی نسلوں کے لیے صاف بجلی پیدا کرتے رہیں۔"

اپنے مسابقتی ٹیئر 2 کی تیسری درخواست کے ذریعے، ریاست نیو یارک کی توانائی کی تحقیقی و ترقیاتی اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority, NYSERDA) نیو یارک میں ان موجودہ نجی ملکیتی ہائیڈرو پاور اور خشکی پر موجود ونڈ جنریٹرز سے ٹیئر 2 کے اہل رینیوایبل انرجی سرٹیفکیٹس (Renewable Energy Certificates, RECs) کی خریداری کے لیے پروپوزل طلب کر رہی ہے، جنہوں نے 1 جنوری 2015 سے پہلے کمرشل سطح پر کام کرنا شروع کیا تھا۔ NYSERDA کا خریداری کا طریقہ ریاست نیویارک کے ساتھ معاہدے کے تحت مقامی طور پر تیار کی جانے والی قابل تجدید توانائی کی مقدار کو بڑھانے کا موقع فراہم کرتا ہے، اور اب بھی کمیونٹی چوائس ایگریگیشنز کو رضاکارانہ طور پر اپنے صارفین کے لیے توانائی کی فراہمی، مصنوعات اور خدمات کی بہترین قیمت اور شرائط پر گفت و شنید جاری رکھنے کی اجازت دیتا ہے۔ حالیہ برسوں میں ٹیئر 2 RECs کی مانگ میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے کیونکہ CCAs میں توسیع ہوئی ہے اور کاروبار اپنے ماحولیاتی، سماجی اور گورننس (ESG) اہداف کے حصے کے طور پر صاف توانائی میں انتخابات کی تلاش میں ہیں، جو نیو یارک اسٹیٹ میں ٹیئر 2 RECs کی نشو نما پاتی مارکیٹ کو فروغ دیتے ہیں۔

NYSERDA موصول ہونے والی سب سے کم قیمت کی بنیاد پر مسابقتی پروپوزلز کو جانچ کر انتخاب کرے گا۔ پروپوزلز 15 ستمبر 2022 کو سہ پہر 3:00 بجے تک دیے جا سکتے ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے پروپوزر یہاں درخواست دے سکتے ہیں۔ NYSERDA اکتوبر 2022 میں ایوارڈز کا اعلان کرنے کی توقع رکھتا ہے۔

دلچسپی رکھنے والے پروپوزرز کو اس درخواست کے بارے میں مزید جاننے کا موقع فراہم کرنے کے لیے 23 اگست 2022 کو سہ پہر 3:30 بجے ایک ویبینار منعقد کیا جائے گا۔ ویبینار میں دلچسپی رکھنے والے یہاں سائن اپ کر سکتے ہیں اور ان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ پہلے سے رجسٹر ہوں اور سوالات جمع کرائیں۔

ریاست نیو یارک کی توانائی کی تحقیقی و ترقیاتی اتھارٹی کی صدر اورCEO Doreen M. Harris نے کہا، "گورنر Hochul کی قیادت میں، ہم نیویارک کے توانائی کے ذرائع کے مرکب کو متنوع بنانے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اپنے اختیار میں موجود ہر ذریعے استعمال کر رہے ہیں کہ ریاست کے اندر موجود تمام قابل تجدید وسائل مستقبل کے مضبوط صفر اخراج والے پاور گرڈ کی تعمیر میں اپنا حصہ ڈالیں۔ NYSERDA کی مسابقتی ٹیئر 2 کی درخواست نیویارک کے شہریوں کے لیے سستی قابلِ قابل تجدید توانائی فراہم کرنے کے لیے درکار، منڈی کی مسابقت کو راغب کرے گی، جبکہ مقامی ہوا کے معیار کو بہتر بنانے اور میزبان کمیونٹیز میں اقتصادی ترقی کو فروغ دینے میں مدد کرے گی۔"

اپنی مسابقتی ٹیئر 2 کی درخواستوں کے حصے کے طور پر، NYSERDA رینیوایبل انرجی سرٹیفکیٹس (RECs) کی خریداری کے لیے ٹھیکہ پانے والے جنریٹرز کے ساتھ معاہدہ کرے گا۔ REC قابل تجدید ذریعے سے پیدا ہونے والی ایک میگاواٹ گھنٹہ بجلی کی ماحولیاتی خصوصیات کو ظاہر کرتا ہے۔ جنوری 2021 میں شروع کیے گئے مسابقتی ٹیئر 2 پروگرام کو لوڈ سرونگ اینٹٹیز (load serving entities, LSEs) کے لیے درکار ٹیئر 2 REC آبلیگیشن کے ذریعے مالی اعانت فراہم کی گئی ہے۔ ریاست نیویارک کے LSEs سے درکار کیا گیا ہے کہ وہ ہر سال NYSERDA سے ٹیئر 2 RECs خریدیں۔

آج کا اعلان NYSERDA کے ایوارڈز کے پہلے دو ادوار کی پیشرفت کو بروئے کار لاتا ہے جس کے نتیجے میں تین منصوبے سامنے آئے تھے جو ریاست نیویارک میں اتنی مقدار میں قابل تجدید توانائی برقرار رکھتے ہیں جو تقریباً 8,300 گھروں کو بجلی فراہم کرنے اور نیویارک میں قائم قابل تجدید توانائی کی ان موجودہ سہولیات کے جاری آپریشنز کو سہارا دینے میں مدد کے لیے کافی ہے۔ ان تین اجراء شدہ منصوبوں کے متعلق منصوبے کی مخصوص تفصیلات اب اوپن NY پر دستیاب ہیں۔ یہ درخواست قابل تجدید توانائی کے بڑے منصوبوں کی تیزی سے ترقی کے لیے ریاست کے اقدامات کی بھی تکمیل کرتی ہے، جس سے ریاست میں معدنی ایندھن کی پیداوار اور نقصان دہ اخراج میں واضح طور پر کمی واقع ہوتی ہے۔

نیو یارک اسٹیٹ کا قوم میں سب سے پہلا ماحولیاتی منصوبہ

نیو یارک اسٹیٹ کا ماحولیاتی ایجنڈا اس ملک ماحولیاتی اور ماحول دوست توانائی کا سب سے جارحانہ ہے، جو ماحول دوست توانائی کی جانب ایک منظم اور منصفانہ منتقلی درکار کرتا ہے جو ملازمتیں پیدا کرے گا اور نیو یارک کے COVID-19 کی عالمگیر وباء سے ابھرنے کے ساتھ ساتھ ایک ماحول دوست معیشت کی آبیاری کرنا جاری رکھے گا۔ کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے ذریعے قانون میں شامل کر کے، نیو یارک 2040 تک اپنے اخراج سے پاک بجلی کے شعبے کی تکمیل کے لازمی ہدف کے راستے پر ہے، جس میں 2030 تک 70 فیصد قابل تجدید توانائی کی پیداوار اور تمام معیشت میں کاربن کی غیر موجودگی حاصل کرنا شامل ہیں۔

یہ منصوبہ صاف توانائی کو بڑھانے کے لیے نیویارک کی بے مثال سرمایہ کاریوں کو بروئے کار لاتا ہے جن میں ریاست بھر میں 120 بڑے پیمانے پر قابل تجدید اور ترسیلی منصوبوں میں 35$ بلین سے زائد، عمارات کے اخراج کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کو بڑھانے کے لیے 1.8$ بلین، آمد و رفت کی ماحول دوست کاوشوں کے لیے 1$بلین سے زائد اور نیویارک گرین بینک کے وعدوں کو پورا کرنے کے لیے 1.6$ بلین سے زائد شامل ہیں۔ کل ملا کر، یہ سرمایہ کاریاں 2020 تک نیو یارک کے ماحول دوست توانائی کے شعبے میں تقریباً 158,000 ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں، جو کہ سولر کی تقسیم کے شعبے میں 2011 سے لے کر 2,100 فیصد اضافہ ہے؛ اور ایک عزم کہ غیر سمندری ہوا کے ذریعے 2035 تک 9,000 میگا واٹس تیار کریں گے۔ کلائمیٹ ایکٹ کے تحت، نیو یارک اس پشرفت کو بروئے کار لے کر آئے گا اور 2050 تک گرین ہاؤس گیس کے اخراجوں کو 1990 کے مقابلے میں 85 فیصد کم کرے گا، اور ساتھ میں اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ماحول دوست سرمایہ کاریوں کے فوائد میں سے 35 فیصد کا رخ، 40 فیصد کے ہدف کے ساتھ، پسماندہ کمیونٹیز کی طرف ہو، اور

پیشرفت کو 2025 کے توانائی کے مستعد استعمال کے ہدف، حتمی صارفین کے آن سائٹ توانائی کی کھپت میں 185 ٹریلین BTU کی بچت، کی طرف بڑھائے گا

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418